(88) سورۃ الغاشیۃ

(مکی — کل آیات 26)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

هَلۡ اَتَاكَ حَدِيۡثُ الۡغَاشِيَةِ (1)

کیا آپ کے پاس سب پر چھا جانے والی (قیامت) کا حال پہنچا۔

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ خَاشِعَةٌ (2)

کئی چہروں پر اس دن ذلت برس رہی ہوگی۔

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ (3)

محنت کرنے والے تھکنے والے۔

تَصۡلٰى نَارًا حَامِيَةً (4)

دہکتی ہوئی آگ میں گریں گے۔

تُسۡقٰى مِنۡ عَيۡنٍ اٰنِيَةٍ (5)

انہیں ابلتے ہوئے چشمے سے پلایا جائے گا۔

لَيۡسَ لَهُمۡ طَعَامٌ اِلَّا مِنۡ ضَرِيۡعٍ (6)

ان کے لیے کوئی کھانا سوائے کانٹے دار جھاڑی کے نہ ہوگا۔

لَّا يُسۡمِنُ وَلَا يُغۡنِىۡ مِنۡ جُوۡعٍ (7)

جو نہ فربہ کرتی ہے اور نہ بھوک کو دور کرتی ہے۔

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ (8)

کئی منہ اس دن ہشاش بشاش ہوں گے۔

لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ (9)

اپنی کوشش سے خوش ہوں گے۔

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (10)

اونچے باغ میں ہوں گے۔

لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً (11)

وہاں کوئی لغو بات نہیں سنیں گے۔

فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ (12)

وہاں ایک چشمہ جاری ہوگا۔

فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ (13)

وہاں اونچے اونچے تخت ہوں گے۔

وَاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ (14)

اور آبخورے سامنے چنے ہوئے۔

وَنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ (15)

اور گاؤتکیے قطار سے لگے ہوئے۔

وَزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ (16)

اور مخملی فرش بچھے ہوئے۔

اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ (17)

پھر کیا وہ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے بنائے گئے ہیں۔

وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ (18)

اور آسمان کی طرف کہ کیسے بلند کیے گئے ہیں۔

وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ (19)

اور پہاڑوں کی طرف کہ کیسے کھڑے کیے گئے ہیں۔

وَاِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ (20)

اور زمین کی طرف کہ کیسے بچھائی گئی ہے۔

فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ (21)

پس آپ نصیحت کیجیے بے شک آپ تو نصیحت کرنے والے ہیں۔

لَّسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ (22)

آپ ان پر کوئی داروغہ نہیں ہیں۔

اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ (23)

مگر جس نے منہ موڑا اور انکار کیا۔

فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ (24)

سو اسے اللہ بہت بڑا عذاب دے گا۔

اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ (25)

بے شک ہماری طرف ہی ان کو لوٹ کر آنا ہے۔

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ (26)

پھر ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب لینا ہے۔